*Progetto cofinanziato da*

Ministero dell'Interno PREFETTURA DI FIRENZE

MINISTERO DELL'INTERNO

Fondo Europeo Integrazione per i cittadini dei Paesi terzi 2007-2013

# Progetto InfoMedia Informazione e Mediazione

**Progetto FEI n.106581 - 2013 - Azione 9 - UTG Capacity Building**



## سپورٹیلو اونیکو امی گریشن کے لیے

### سپورٹیلو اونیکو امی گریشن کے لیے

سپورٹیلو اونیکو کا دفتر ہر پرفیٹورے میں ماجود ہے اور یہ مندرجہ زیل فرائض دیتا ہے۔

- خاندان کو اٹلی میں بلوانے کا طریقہ کار
- کام کرنے کے لئے اٹلی میں داخلے کا طریقہ کار
- پرمیسو دی سجورنو کو پڑھائی سے کام میں تبدیل کرنے کا طریقہ کار
- پرمیسو دی سجورنو کا معاہدہ۔
اطالوی زبان کا امتحان

**درخواستوں کو مندرجہ ذیل طریقوں سے پیش کیا جا سکتا ہے**

- آن لائن: Servizio di inoltro telematico delle domande وزارت داخلہ کی ویب سائٹ: www.interno.it < Immigrazione < Sportello Unico per l'Immigrazione
غیرملکیوں سپورٹیلو کے لیے آخری صفحے پر رابطے کے لیے فون نمبر ماجود ہیں

### رابطے کے لیے

**سپورٹیلو اونیکو امی گریشن کے لیے**

(Via Antonio Giacomini, 8 - 50132 Firenze (FI
**فون-** 055 2783643 پیر، منگل، بدھ، جمعرات 9:00 سے 12:00
e-mail: immigrazione.pref_firenze@interno.it
Posta certificata: immigrazione.preffi@pec.interno.it

**کستورا**

(Via della Fortezza, 17 - 50129 Firenze (FI
e-mail: immigrazione.fi@poliziadistato.it
Posta certificata: immig.quest.fi@pecps.poliziadistato.it

**سپورٹیلو غیر ملکیوں کے لیے**

مندرجہ زیل دفتر آپ کی آن لاین کاغز بھیجنے مدد کرسکتے ہیں۔ کمونے کا امی گریشن دفتر یا پتروناتی یا پھر کچھ ایسوسی ایشن جن کی فہرست نیچے دی گی ویب سایٹ پر دی گی ہے۔
PAeSI: کی ویب سائٹ پر فہرست دستیاب ہے
www.immigrazione.regione.toscana.it غیرملکیوں کی معلومات کے لیے

### مفید ویب سائٹس

www.interno.gov.it
www.prefettura.it/firenze
www.immigrazione.regione.toscana.it

## انضمام کے معاہدہ

**انضمام کا معاہدہ کیا ہے؟**

یہ معاہدہ ان کے لئے ہے جو غیر ملکی شہری (16 سال کی عمر سے لے کر) اٹلی میں پہلی بار داخل ہوئے ہیں اور ایک سال کی پرمیسو کے لئے درخواست کرتے ہیں، یہ غیر ملکی پریفتورے یا پولیس ہیڈ کوارٹر (Questura) جا کر اس معاہدے پر دستخط کریں گے.
معاہدے کا مقصد انضمام کی سہولت کو آسان کرنا، اطالوی آئین کے بنیادی اصولوں کو سمجھنا اور اطالوی زبان سیکھنا ہے .

غیر ملکی شہری جو کہ مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر اٹلی میں داخل ہوئے ہیں، پریفتورا ان کے کریڈیٹ جو کہ دو سالوں میں جمع کیے جایں گے کی جانچ پڑتال کرے گا:

- کام
- پڑھائی
- اختیاری رہائش گاہ
- مذہبی وجوہات

### مزید معلومات کے لئے

www.immigrazione.regione.toscana.it > Area tematica > Accordo di integrazione

## اطالوی زبان کا امتحان

**کن لوگوں کے لئے اطالوی زبان کا امتحان لازمی ہے؟**

جن کے پاس کم از کم 5 سال سے پرمیسو دی سجورنو ہے اور وہ کارٹہ دی سجورنو لینا چاہتے ہیں۔

**کن لو گوں کو امتحان دینے کی ضرورت نہیں ہے؟**

14سال سے کم عمر بچے، معزور اور بیمار لوگ، وہ لوگ جنہوں نے سیکنڈری اسکول ڈپلوما کیا ہے ، جو یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہیں، یا ایک ماسٹرز یا ڈاکٹریٹ میں شرکت کر رہے ہیں، ا ن لوگوں کو جنہوں نے مستقل علاقائی مراکز میں اطالوی زبان میں کا کورس کیا ہے اور ان کے پاس اس کا سرٹیفکیٹ ہے( A2 لیول) ، یونیورسٹی لیکچررز، ترجمان اور سرکاری طور پر تسلیم شدہ صحافی۔

**درخواست کس طرح کرتے ہیں؟**

صرف آن لاین Servizio di inoltro telematico delle domande کے ذریعے آپ وزارت داخلہ کی ویب سایڈ http://testitaliano.interno.it پر جا کردرخواست کریں۔

**ٹیسٹ کہاں دے سکتے ہیں؟**

پرفیٹورا درخواست پیش کرنے کے بعد 60 دن کے اندر ایک نوٹس بھیجے گا، جس میں اطالوی زبان کے امتحان کا وقت اور مقام بتایا جاۓ گا ۔
جو لوگ امتحان کے دن بغیر بتائے غیر حاضر ہوں گے یا امتحان میں ناکام ہو جائیں، یہ لوگ 90 دن کے بعد ہی دوبارہ درخواست پیش کر سکتے ہیں.

### مزید معلومات کے لئے

www.immigrazione.regione.toscana.it > Area tematica > Test di italiano per permesso di soggiorno UE per soggiornanti di lungo periodo

## فیملی ری یونین کے لئے منظوری (Nulla osta)لینا

**کون درخواست دے سکتا ہے؟**

جو اٹلی میں قانونی طور پر رہتے ہیں، کام کرتے اور ان کے پاس رہائش ہے وہ لوگ اپنے رشتہ داروں کو فیملی ری یونین کے ذریعے اٹلی بلا سکتے ہیں ۔

**ریکون جونجی مینتو فاملیارے کے لیے کون سی چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے؟**

- **آمدنی :** یہ سماجی الاؤنس(**assegno sociale**) کے برابر ہونی چاہیے اور فیملی ری یونین کے لیے جتنے لوگ بلا ے جائیں گے،سماجی الاؤنس کا آدھا حصہ ہر آدمی کے لیے ادا کرنا پڑھے گا ( مثال کے طور پر **2015** میں ایک آدمی کو بلوانے کے لیے **8.746,14** € کے برابراور دو آدمیوں کے لیے **11.661,52** € کے برابر آمدنی ہونی ضروری ہے، وغیرہ ۔(
- **رہائش :** درخواست کرتے وقت آپ کے پاس گھر کے کرائے کا کونٹرکٹ ہونا لازمی ہے اس کےعلاوہ اڈونیتا الوجا ٹیوا (certificato idoneità alloggiativa) کا سرٹیفیکیٹ کمونے سے لینا لازمی ہے۔

**آپ کن لوگوں کو فیملی ری یونین کےذریعے بلا سکتے ہیں ؟**

- **شریک حیات:** آپ اپنے شریک حیات کو بلوا سکتے ہیں لیکن ان کی عمر 18 سال یا 18 سال سے اوپر ہونی چاہیے.
- **کم امر بچے** آپ 18 سال سے چھوٹی اولاد کو بلوا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ اپنے شریک حیات کی اولاد کو بھی بلواسکتے ہیں اس کے علاوہ اگر آپ کی کوئی اولاد شادی سے باہر ہوئی ہے تو آپ اس کو بھی بلوا سکتے ہیں (مگراس کے لیے دوسرے والدین کی اجازت کی ضرورت ہے۔ )
- **بالغ بچے**: صرف اس صورت میں آپ ان کی ذمہ داری لےسکتے ہیں اگر وہ کسی سنگین بیماری میں مبتلا ہوں یا معزور ہوں۔
- **والدین کی زمہ داری:**
  - **65 سال تک:** اگر آپ کے ماں باپ کی آپ کے علاوہ اپنے ملک میں اور کوئی اولاد نہیں تو انہیں اٹلی میں رہ سکتے ہیں، ان کی ساری ذمے داری اپ پوری کریں گے (ان کو اپنی ریڈیٹو (reddito)کی ضرورت نہیں ہے۔)
  - **65 سال سے اوپر:** والدین اٹلی میں آ سکتے مگر صرف اس صورت میں کے آپ کے ملک میں کوئی اور بہن یا بھائی کسی بیماری یا معزور ہونے کی وجہ سے ان کاخیال نا رکھ سکتے ہوں۔ مگر اس کے لیے اطالوی امبیسی اس کیس کی یقین دہانی کرے گی۔

**آپ کے رشتے دار نے اٹلی میں داخل ہوتے ہی کون سی چیزیں کرنی ہیں ؟**

اٹلی میں آمد کے **8** دن کے اندر اندر سپورٹیلو اونیکو امی گریشن سے رابطہ کر کے پرمیسو دی سجورنو کی درخواست دینے کے لیے اپوانٹمینٹ لیں۔

**Sportello Unico سپورٹیلو اونیکو پر اپونٹمینٹ کے بعد آپ نے کیا کرناہے؟**

مندرجہ ذیل دفتروں میں جانا ہے:

- **طالوی پوسٹ آفس** (Poste Italiane)**:** سے پرمیسو دی سجورنو کے لیے درخواست بھیجیں۔

-**رہائش گاہ کا شہرکا دفتر**(Comune di residenza)**:** میں نام کی رجسٹریشن کی درخواست۔

-**نیشنل ہیلتھ سروس** (Azienda ASL)**:** میں نام لکھوانے کے لیے درخواست دیں.

- **پولیس ہیڈکوارٹر** (Questura): اپونٹمینٹ والے دن آپ نے پولیس ہیڈکوارٹر جانا ہے اور انگلیوں کے نشانات دینے ہیں اور پھر جا کر پرمیسو دی سجورنو لے کر آنی ہے۔

**مزید معلومات کے لئے**

www.immigrazione.regione.toscana.it > Area tematica > Ricongiungimento familiare

## کام کے لئے اٹلی میں اندراج

**یہ کس طرح کیا جاتا ہے؟**

ویزا حاصل کرنے کے لئے ایک کام دینے والے کی ضرورت پڑتی ہے جو بیرون ملک مقیم غیر ملکی ملازمین کی خدمات حاصل کرنے میں دلچسپی رکھتا ہو۔ چاہے کام دینے والا اطالوی ہو یا غیر ملکی مگر غیر ملکی ہونے کی صورت میں اس کے پاس پرمینینٹ ویزا ہونا چاہیے.

**کام دینے والے نے کون سی چیزیں لازمی طور پر کرنی ہیں؟**

"decreto-flussi"

- ڈکریٹو فلوسی کا انتظار کرنا ہے جس میں بتایا جاتا ہے غیر ملکیوں کی تاداد جو کے سالانہ طور پر اٹلی میں داخل ہوسکتی ہے.

- Servizio di inoltro telematico delle domande کے ذریعے آپ وزارت داخلہ کی ویب سایڈ https://nullaostalavoro.interno.it پر نلا ہوستا کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**-** جب آپ کو بلایا جائے اس دن آپ سپورٹیلو اونیکو امی گریشن پرفیٹورے کے دفتر میں پہنچ کے اپنے کاغز جمع کرا دیں اور نلا **ہوستا**Nulla Osta حاصل کر لیں اور اسے غیر ملکی ملازم کو اس کے ملک پہنچا دیں۔

**غیر ملکی ملازم کو کیا کرنا ہو گا؟**

- **مالک سے نلاہوستا حاصل کرنے کے بعد :** اپنے ملک کے اطالوی سفارت خانے یا قونصل خانے پر جا کر ویزا لگوایں۔

- **اٹلی میں آمد کے** 8 **دن کے اندر اندر :** سپورٹیلو اونیکو امی گریشن سے رابطہ کر کے پرمیسو دی سجورنو بنوانے کے لیے ایک اپوانٹمینٹ لے لیں۔

**سپورٹیلو اونیکو (**Sportello Unico**)پر اپونٹمینٹ لینے کے بعد آپ نے کیا کرنا ہے؟**

مندرجہ ذیل دفتروں میں جانا ہے:

- **اطالوی پوسٹ آفس** (Poste Italiane) **:** سے پرمیسو دی سجورنو کے لیے درخواست بھیجیں -

- **رہائش گاہ کا شہرکا دفتر** (Comune di residenza)**:**نام کی رجسٹریشن کی درخواست -

- **نیشنل ہیلتھ سروس**(Azienda ASL)**:** میں نام لکھوانے کے لیے درخواست دیں

- **پولیس ہیڈکوارٹر**(Questura): اپونٹمینٹ والے دن آپ نے پولیس ہیڈکوارٹر جانا ہے اور انگلیوں کے نشانات دینے ہیں اور پھر جا کر پرمیسو دی سجورنو لے کر آنی ہے۔

**مزید معلومات کے لئے**

www.immigrazione.regione.toscana.it > Area tematica > Lavoro Subordinato

## طالعہ کے ویزے کو روزگار کے ویزے میں تبدیل کرانے کے لیے

**کون کام کرنے کے لئے مطالعہ کے ویزے کو کام کے ویزے میں تبدیل کرا سکتا ہے؟**

وہ لو گ جن کے پاس مطالعہ کا ویزا ہے اور کوئی انہیں کام دینے کے لیے تیار ہے یا پھر وہ کوئی کاروبار کرسکتے ہیں۔

**یہ کس طرح کیا جاتا ہے؟**

"decreto-flussi"

ڈکریٹو فلوسی کا انتظار کرنا ہے جس میں بتایا جاتا ہے غیر ملکیوں کی تاداد جو کے سالانہ طور پر اٹلی میں مطالعہ سے روزگار میں ویزا تبدیل کرسکتے ہیں۔

**نوٹ:** طالب علم نے اٹلی میں 18 سال مکمل کیے ہیں یا اٹلی میں ڈگری حاصل کی ہے یا ایک پوسٹ گریجویٹ کوالیفکیشن تو آپ کسی وقت بھی اپنی پرمیسو بدلوا سکتے ہیں۔

**طالب علموں کو کیا کرنا چاہیے؟**

- Servizio di inoltro telematico delle domande کے ذریعےآپ وزارت داخلہ کی ویب سایڈ https://nullaostalavoro.interno.it پر آپ نلا ہوستا کی درخواست کر سکتے ہیں۔

- جب آپ کو بلایا جائے اس دن آپ سپورٹیلو اونیکو امی گریشن پرفیٹورے کے دفتر میں کاغز جمع کرا دیں اور ویزا بدلنے کا اجازت نامہ لے لیں۔

**Sportello Unico سپورٹیلو اونیکو پر اپونٹمینٹ لینے کے بعد آپ نے کیا کرنا ہے؟**

مندرجہ ذیل دفاتروں میں جانا ہے:

-**اطالوی پوسٹ آفس** (Poste Italiane)**:** سے پرمیسو دی سجورنو کے لیے درخواست بھیجیں۔

-**رہائش گاہ کا شہرکا دفتر** (Comune di residenza)**:**نام کی رجسٹریشن کی درخواست۔

: - نیشنل ہیلتھ سروس (Azienda ASL)میں نام لکھوانے کے لیے درخواست دیں۔

- **پولیس ہیڈکوارٹر**(Questura): اپونٹمینٹ والے دن آپ نے پولیس ہیڈکوارٹرجانا ہے اور انگلیوں کے نشانات دینے ہیں اور پھر پرمیسو دی سجورنو لے کر آنی ہے۔

**مزید معلومات کے لئے**

www.immigrazione.regione.toscana.it > Area tematica > Studio